فتوی نمبر:6

زمان(Time)اور مکان(Space)دونوں اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں

سوال:6 اللہ تعالیٰ کے لیے زمان ومکان ثابت ہے یا نہیں؟

جواب: زمان(Time)اور مکان(Space)دونوں کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے اور یہ دونوں اُس کی مخلوق ہیں۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ خالق (اللہ تعالیٰ) خود اپنی مخلوق میں سما جائے۔ جب یہ زمان ومکان نہیں تھے تو کیا اس وقت اللہ تعالیٰ تھا یا نہیں تھا؟ یقیناً تھا اور ہے۔ اس لیے ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ زمان ومکان سے پاک اور بلند وبالا ہے۔

إنه سبحانه ليس في مكان من الأمكنة ولا في الزمان من الأزمنة، لأن المكان والزمان من جملة المخوقات، وهو سبحانه كان موجودا في الأزل ولم يكن معه شيء من الموجودات.[1]

---

(1) شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري رحمه الله، بحث: أن صفات الباري جل شانه لاتشابه صفات المخلوقين، ص: 64